StudentBounty.com

Roll No. ______ Answer Sheet No.______

Sig. of Candidate ______ Sig. of Invigilator.______

# اُردو اختیاری ۔ ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 25منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر:20) (Revised Syllabus)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کردیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر۱:** دیے گئے الفاظ یعنی الف /ب /ج /د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ''محبوب خُدا'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ چودھری افضل حق ب۔ شبلی نعمانی ج۔ سلمان منصور پوری د ۔ سلیمان ندوی

(ii) پروفیسر رشید احمد صدیقی کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ دِلی ب۔ میرٹھ ج۔ جون پور د ۔ گجرات

(iii) مولانا احسن مارہروی کالج میں کس شعبے سے تعلق رکھتے تھے؟

الف۔ فارسی ب۔ عربی ج۔ اُردو د ۔ انگریزی

(iv) مہدی افادی کا اصلی نام کیا تھا؟

الف۔ مہدی حسن ب۔ مہدی علی ج۔ محمد علی د ۔ عبداللہ

(v) سُقراط کی بیوی کیسی تھی؟

الف۔ بہت خوبصورت ب۔ بہت بد مذاج ج۔ خوش مذاج د ۔ بدصورت

(vi) ''سی پارہ دل'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

الف۔ خواجہ حسن نظامی ب۔ نیاز فتح پوری ج۔ حفیظ جالندھری د ۔ مہدی افادی

(vii) ''آواز دوست'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ حافظ محمود ب۔ مختار مسعود ج۔ علامہ محمد اقبالؒ د ۔ مشتاق یوسفی

(viii) جھینگر ابنِ عربی کی ۔۔۔۔۔۔۔ جلد میں چھپا بیٹھا تھا۔

الف۔ فصوص الحکم ب۔ ذخائر الاخلاق ج۔ فتوحاتِ مکیہ د ۔ تفسیر القرآن

(ix) کافی کس ملک کا قومی مشروب ہے؟

الف۔ امریکہ ب۔ برطانیہ ج۔ جرمنی د۔ پاکستان

(x) ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی شاعری کے کتنے مجموعے چھپ چکے ہیں؟

الف۔ بارہ سے زائد ب۔ پانچ سے زائد ج۔ پندرہ سے زائد د ۔ دس سے زائد

(xi) میاں محمد بخش کہاں پیدا ہوئے؟

الف۔ میر پور ب۔ بہاولپور ج۔ گجرات د ۔ رسالپور

(xii) میر دردؔ کی وجہ شہرت کیا ہے؟

الف۔ غزل ب۔ مثنوی ج۔ مرثیہ د ۔ نظم

StudentBounty.com
2011

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

(xiii) مولوی عبدالحق نے ''سرتاج شعرائے اُردو'' کسے کہا ہے؟

الف۔ مرزا غالبؔ ب۔ میر تقی میرؔ ج۔ علامہ محمد اقبالؒ د ۔ فیض احمد فیض

(xiv) آتش نے شاعری میں کس کی شاگردی اختیار کی؟

الف۔ ولی دکنی ب۔ مصحفی ج۔ دردؔ د ۔ مرزا غالبؔ

(xv) بہادر شاہ ظفر مغلیہ خاندان کے کون سے بادشاہ تھے؟

الف۔ پہلے ب۔ دوسرے ج۔ تیسرے د ۔ آخری

(xvi) نکات الشعراء کیا ہے؟

الف۔ تذکرہ ب۔ کلیات ج۔ خودنوشت د ۔ دیوان

(xvii) علامہ محمد اقبالؒ نے کس کالج میں تدریس کے فرائض سرانجام دیے؟

الف۔ گورنمنٹ کالج لاہور ب۔ مرے کالج ج۔ ایف سی کالج د ۔ ایم اے او کالج

(xviii) میر تقی میرؔ نے کس سال وفات پائی؟

الف۔ 1810ء ب۔ 1820ء ج۔ 1790ء د ۔ 1960ء

(xix) 'زیرِ زمیں سے آتا ہے جو گُل سو زر بکف قاروں نے راستے میں لٹایا خزانہ کیا' اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

الف۔ صنعت لف ونشر ب۔ صنعتِ ایہام

ج۔ صنعتِ تضاد د ۔ صنعتِ حسنِ تعلیل

(xx) جب کوئی لفظ اپنے حقیقی معنوں کی بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہوا ہو اور حقیقی اور مجازی معنوں کے درمیان تشبیہ کا تعلق نہ ہو تو اُسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ مجازِ مُرسل ب۔ استعارہ ج۔ تشبیہ د۔ کنایہ

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 20 حاصل کردہ نمبر: ☐

StudentBounty.com

# اُردو اختیاری ۔ ایچ ایس ایس سی-II

**REVISED SYLLABUS**

وقت: 2:35 گھنٹے  کُل نمبر حصہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' 1-2 صفحات پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x3=30)

(i) حضورؐ کا لقب رحمتہ للعالمین دیگر مشاہیر کے القاب سے کیونکر جامع تر ہے؟

(ii) مولانا حالی اپنے معترضین کو اعتراضات کا کیا جواب دیتے تھے؟

(iii) فلاسفہ یونان کے مطابق کون سی دو چیزیں نہایت عجیب اور حیرت انگیز ہیں؟ (یا)

مولانا محمد حسین آزاد کی انشاء پردازی کے بارے میں مختصراً لکھیے۔

(iv) تشبیہ کی تعریف کریں اور ایک شعری مثال کے ذریعے اس کے ارکان کی نشاندہی کریں۔

(v) سقراط کی فوجی زندگی کے بارے میں مختصراً تحریر کیجیے۔

(vi) جنوں بھی ایک طرح سے لازمہ شاعری ہے۔ جملے کی وضاحت کیجیے۔

(vii) مندرجہ ذیل تراکیب کی وضاحت کیجیے:

پیکر خاکی  سطح آب  رنگینئ فصاحت (یا)

رحمان بابا نے اپنی نظم کے دوسرے بند میں عیب جوئی کی مذمت کن الفاظ میں کی ہے؟

(viii) غزل کا مفہوم واضح کریں۔

(ix) مثنوی کسے کہتے ہیں؟

(x) کنایہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں بھی دیں۔ (یا)

مقطع کی تعریف کریں اور دو مثالیں بھی دیں۔

سوال نمبر۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ کل اس نشیبی قطعے پر قبضہ جمانے کے لیے مقابلہ شروع ہو جائے گا۔اس مقابلے میں ہوا اور پانی، مٹی اور سبزہ، جانور اور انسان سب حصہ لیں گے۔ پہلے اس میں بارش کا پانی جمع ہوگا، کہیں دلدل بنے گی اور کہیں تالاب۔ سائبیریا سے مرغابیاں آئیں گی اور کسی نہ معلوم جگہ سے مچھلیاں اور مینڈک۔ جو رقبہ کھڑے پانی کی مار سے بچ رہا اس میں سبزہ اپنے پیر جمائے گا۔نرم خودرو سبزے کے تعاقب میں سخت جان جھاڑیاں اور خودسر درخت آئیں گے۔جنگل گھنا ہوا تو درندہ پناہ لینے اور آدمی لکڑی لینے کے لیے آ نکلے گا۔

ب۔ میں ایک زبردست تمنا کا احساس اپنے دل میں کرتا ہوں گو اس تمنا کا موضوع مجھے اچھی طرح سے معلوم نہیں۔ایسی حالت میں مجھے مسرت بھی ہو تو اس میں اضطراب کا عنصر غالب رہتا ہے۔لاہور کی بستی میں کوئی ہمدم دیرینہ نہیں۔نام و نمود پر مرنے والے بہت ہیں۔ قومی جلسوں سے بھی پہلو تہی کرتا ہوں۔ ہاں آپ کے خطوط جو میرے پاس سب محفوظ ہیں بار بار پڑھا کرتا ہوں اور تنہائی میں یہی خاموش کاغذ میرے ندیم ہوتے ہیں۔کئی دفعہ ارادہ کیا ہے کہ آپ کی خدمت میں استدعا کروں کہ خط ذرا لمبا لکھا کیجیے مگر میں خود لمبا خط لکھنے سے گھبراتا ہوں۔پھر میرا کوئی حق نہیں کہ میں آپ کو لمبا خط لکھنے کی زحمت دوں۔

StudentBounty.com

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+4=5)

الف۔
کیا جھکا کعبے کی جانب کو ہے قبلا بادل
سجدے کرتا ہے سوئے یثرب و بطحا بادل
بحرِ امکاں میں رسولؐ عربی دُرِّ یتیم
رحمتِ خاص خُدا وندِ تعالیٰ بادل
قبلۂ اہلِ نظر کعبۂ ابروئے حضورؐ
موئے سر قبلہ کو گھیرے ہوئے کالا بادل

ب۔
وہ مقیش کی ڈوریاں سر بسر
کہ مہ کا بندھا جس میں تارِ نظر
چھتوں کا تماشا تھا آنکھوں کا جال
نگہ کو وہاں سے گزرنا محال
سنہری مغرق چھتیں ساریاں
وہ دیوار اور در کی گلکاریاں

سوال نمبر۵: کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔
دل کے پھر زخم تازہ ہوتے ہیں
کہیں غنچہ کوئی کھلا ہو گا

ب۔
پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خُدا کے تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

ج۔
سرشمع ساں کٹایے پر دم نہ ماریے
منزل ہزار سخت ہو ہمت نہ ہاریے

د۔
ظفرؔ آپ کو ڈھونڈ، مت ڈھونڈ اس کو
وہ تجھ میں ہے، جس کی تجھے جستجو ہے

ر۔
رہا ٹیڑھا مثالِ نیشِ کژدم
کبھی کج فہم کو سیدھا نہ پایا

## حصّہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶: نیاز فتح پوری کی نثر نگاری کے بارے میں تنقیدی نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

افسانے کی تعریف کریں اور اس کی خصوصیات تحریر کریں۔

سوال نمبر۷: میر حسن کی منظر نگاری پر مختصر نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

دیا شنکر نسیم کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر۸: مولانا ظفرؔ علی خاں کی حمدیہ شاعری پر ایک نوٹ لکھیے۔ (10)

(یا)

اُردو شاعری میں ''حمد'' کے ارتقاء پر نوٹ لکھیے۔

------2HA 1138-----